عدالت عالیہ لاہور

اشتہار برائے نیلامی

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ عدالت عالیہ لاہور میں مختلف قسم کی پرانی اشیاء (آئی ٹی کے متعلق آلات، برقی آلات، فرنیچر، فوٹو کاپی مشین، پرنٹر، جنریٹرز، کراکری وغیرہ) جہاں ہیں اور جیسے ہیں کی بنیاد پر نیلامی کے لیے موجود ہیں۔ یہ نیلام عام مورخہ 17 اکتوبر 2026، بروز ہفتہ بوقت 10:00 بجے صبح احاطہ ہائیکورٹ میں منعقد ہوگا۔ خواہشمند حضرات بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شرائط نیلامی حسب ذیل ہوں گی۔

1۔ نیلامی سب سے زیادہ بولی پر ہوگی۔

2۔ اشیاء کی قیمت کا تخمینہ Rs.24,74,180 (چوبیس لاکھ چوہتر ہزار ایک سو اسی روپے) مقرر کیا گیا ہے۔

3۔ ہر بولی دہندہ کے لئے لازمی ہوگا کہ وہ بولی کی مقرر کردہ تاریخ سے دو یوم قبل یعنی مورخہ 15 اکتوبر 2026، بروز جمعرات تک دفتری اوقات میں مبلغ 50,000 (پچاس ہزار روپے) آفیسر خزانہ کے پاس بطورِ زرِ ضمانت جمع کروائے گا جو کہ بعد از نیلامی تمام ناکام بولی دہندگان علاوہ نمبر دوم وسوم کو قابل واپسی ہوگا۔ جن کی رقم نیلامی کی کاروائی مکمل ہونے کے بعد ادا کی جائے گی۔ کامیاب بولی دہندہ بروقتِ رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں اِن کو موقع دیا جائے گا۔

5۔ سامان زیر نیلام کی تفصیل دفتر زیرِ دستخطی موجود ہے جو کہ دفتری اوقات میں نیلامی کے دن سے پہلے تک ملاحظہ کیا سکتا ہے۔

6۔ نیلامی والے دن کسی کو نیلامی کا سامان نہیں دکھایا جائے گا۔

7۔ جس شخص کے نام بولی ختم ہوگی اسے کُل رقم کا 1/3 حصہ اسی دن ادا کرنا ہوگا جبکہ بقایا 2/3 بمعہ گورنمنٹ کا مقرر شدہ ٹیکس دو یوم میں جمع کروانا ہوگا بصورت دیگر زرِ ضمانت بمعہ جمع شدہ 1/3 رقم بحق سرکار ضبط ہوگی۔

8۔ تمام نیلام شدہ سامان بعد از نیلامی دس دن کے اندر اٹھانا ہوگا بصورت دیگر تخمینہ رقم کے مطابق 2% یومیہ جرمانہ ہوگا۔

9۔ آفیسر مجاز بغیر وجہ بتائے بولی مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔

محمد یعقوب اسسٹنٹ رجسٹرار سٹورز

دفتری رابطہ نمبر: 042-99212951

ایکسٹینشن: 270